جامعہ :-

مرکزی جامعۃ المدینہ برلب دریائے جہلم

استاد :-

مولانا محمد فیضان عطاری مدنی صاحب

مضمون :-

اصول الشاشی

طالب علم :-

محمد شاکر

Scanned with CamScanner CamScanner

ثالثۃ الف

Date: __/__/20 اصول الشاشی کی معروضی Day: ______

1) فقہ کا لغوی معنیٰ کیا ہے:

1) علمِ بلاغت 2) فہم و فراست 3) تجوید 4) نحوی قواعد

2) ایسا علم جس میں ادلّہ کے ذریعے احکام ثابت کئے جاتے ہیں اسے کہتے ہیں:

1) اصولِ فقہ 2) اصولِ نحو 3) اصولِ صرف 4) اصولِ تجوید

3) ادلّہ سے مراد ہے:

1) قرآن و حدیث 2) اجماع 3) قیاس 4) 1، 2 اور تینوں

4) اصولِ فقہ کا موضوع ہے:

1) بلاغت 2) ادلّہ 3) احکامِ شرعیہ 4) 2، 3 دونوں

5) اصولِ فقہ ہیں:

1) 3 2) 4 3) 5 4) 6

6) ہر وہ لفظ جو کسی معنیٰ معلوم یا مسمّیٰ معلوم کیلئے انفرادی طور پر وضع کیا گیا ہو کہلاتا ہے

1) مشترک 2) عام 3) خاص 4) مؤوّل

7) خاص کی کتنی قسمیں ہیں:

1) 2 2) 3 3) 4 4) 5

8) احناف کے نزدیک لفظ "قروء" سے مراد ہے:

1) حیض 2) نفاس 3) طہر 4) احتلام

9) شوافع کے نزدیک لفظ "قروء" سے مراد ہے:

1) حیض 2) نفاس 3) طہر 4) احتلام

10) وہ لفظ جو افراد کی ایک جماعت کو یا لفظاً شامل ہو یا معنیً کہلاتا ہے:

1) مشترک 2) عام 3) خاص 4) مؤوّل

11) عام کی کتنی قسمیں:

1) 2 2) 3 3) 4 4) 5

12) عام کے حکم میں سے ایک یا کچھ افراد کو خارج کر دیا جائے تو وہ کہلائے گا:

1) عام مخصوص 2) عام غیر مخصوص 3) خاص الفرد 4) خاص الجنس

Scanned with CamScanner

Date: __/__/20__ Day: ________

13) عام کے حکم سے اگر کسی فرد کو بھی خارج نہ کیا جائے تو اسے کہتے ہیں؟

1) عام مخصوص 2) عام غیر مخصوص 3) خاص الفرد 4) خاص الجنس

14) عام غیر مخصوص کا حکم ہوتا ہے:

1) خاص کی طرح 2) عام کی طرح 3) مشترک کی طرح 4) مؤول کی طرح

15) وہ اسم جس سے بغیر کسی قید کے مسمیٰ مراد لیا جائے خواہ وہ صفت ہو یا اسم جنس کہلاتا ہے

1) مطلق 2) مقید 3) تصور 4) تصدیق

16) قرآن مجید میں بدکار مرد و عورت کی سزا بیان کی گئی ہے؟

1) ہاتھ کاٹنا 2) جلاوطنی 3) سو کوڑے 4) اسی کوڑے

17) "جب مطلق کے اطلاق پر عمل کرنا ممکن ہو تو اس پر خبر واحد یا قیاس سے زیادتی کرنا جائز نہیں" یہ حکم ہے

1) تصدیق کا 2) مشترک کا 3) مقید کا 4) مطلق کا

18) وہ اسم جس سے مع القید مسمیٰ مراد لیا جائے خواہ وہ صفت ہو یا اسم جنس کہلاتا ہے؟

1) مشترک 2) تصدیق 3) مقید 4) مؤول

19) کسی کو غلطی سے قتل کرنے پر قرآن پاک میں کیا سزا بیان کی گئی بطور کفارہ؟

1) ہاتھ کاٹا جائے 2) ایک غلام آزاد کیا جائے 3) پانچ سو کوڑے 4) سو کوڑے

20) وہ لفظ جو دو یا دو سے زیادہ مختلف معانی کیلئے وضع کیا جائے کہلاتا ہے؟

1) تصدیق 2) مشترک 3) مؤول 4) تصور

21) ان میں سے لفظ مشترک کونسا ہے؟

1) جبل 2) رجل 3) مشتری 4) قلم

22) جب غالب رائے سے مشترک کے کسی ایک معنیٰ کو ترجیح حاصل ہو جائے تو وہ کہلاتا ہے:

1) مؤول 2) تصدیق 3) مشترک 4) مقید

23) خطا کے احتمال کیساتھ عمل کرنا واجب ہے؟

1) مشترک پر 2) مقید پر 3) تصدیق پر 4) مؤول پر

24) لغت کے واضع نے جو لفظ جس معنیٰ کیلئے وضع کیا اگر وہ اسی معنیٰ میں استعمال ہو تو کہلاتا ہے:

1) مجاز 2) حقیقت 3) مشترک 4) تصدیق

Scanned with CamScanner

25) لغت کے واضع نے جو لفظ جس معنی کیلئے وضع کیا اگر اسی معنی میں استعمال ہو تو کہلاتا ہے:

1) حقیقت 2) مجاز 3) مؤول 4) مشترک

26) اگر لفظ (اسد) شیر کیلئے بولا جائے تو کہلاتا ہے؟

1) مؤول 2) مجاز 3) حقیقت 4) مشترک

27) اگر لفظ (اسد) کسی بہادر کیلئے بولا جائے تو کہلاتا ہے؟

1) مجاز 2) حقیقت 3) مؤول 4) مشترک

28) اس حدیث (لا تبیعوا الدرھم بالدرھمین ولا الصاع بالصاعین) میں ظرف بول کر مراد لیا گیا ہے؟

1) مؤول 2) مظروف 3) مقید 4) فاصل

29) مذکورہ حدیث میں لفظ صاع سے پیمانہ مراد لینا اور اس پیمانہ میں ناپ کر دی جانے والی چیز مراد لینا کہلاتا ہے؟

1) مشترک و مؤول 2) فاصل و عام 3) [illegible] و تصریح 4) حقیقت و مجاز

30) حقیقت کی قسمیں ہیں؟

1) 2 2) 3 3) 4 4) 5

31) ایسی حقیقت جس پر عمل مشکل ہو کہلاتا ہے؟

1) حقیقتِ متعذرہ 2) حقیقتِ مہجورہ 3) حقیقتِ مستعملہ 4) یہ تینوں

32) ایسی حقیقت جس پر عمل کرنا تو آسان ہو لیکن لوگوں نے اس پر عمل کرنا چھوڑ دیا ہو کہلاتا ہے؟

1) حقیقتِ متعذرہ 2) حقیقتِ مہجورہ 3) حقیقتِ مستعملہ 4) یہ تینوں

33) ایسی حقیقت جس پر عمل کیا جاتا ہو اگرچہ اس کے مجاز پر بھی عمل ہوتا ہو کہلاتا ہے:

1) حقیقتِ متعذرہ 2) حقیقتِ مہجورہ 3) حقیقتِ مستعملہ 4) یہ تینوں

34) "مجاز کی طرف اسی وقت پھریں گے جب حقیقت متعذرہ ہو یا مہجورہ" حکم ہے:

1) حقیقت کا 2) مجاز کا 3) مشترک کا 4) مؤول کا

35) احکامِ شرع میں استعارہ کتنے طریقوں سے جاری ہوتا ہے:

1) 2 2) 3 3) 4 4) 5

36) لفظ کو مجازی معنی میں استعمال کرنا کہلاتا ہے:

1) طریق 2) تصریحی 3) تصور 4) استعارہ

Scanned with CamScanner

37) ہمارے نزدیک کن تین چیزوں سے نکاح منعقد ہو جاتا ہے؟

1) ہبہ اور تملیک 2) بیع 3) تملیک اور مہر 4) ان دونوں

38) ہر وہ مقام جو مجاز کی کسی نوع کیلئے متعین ہو وہاں نیت ہوگی:

1) جائز 2) فرض 3) ضروری 4) ضرورت نہیں

39) وہ لفظ جس کی مراد ظاہر ہو کہلاتا ہے؟

1) کنایہ 2) صریح 3) طریق 4) استعارہ

40) "وہ اپنے معنیٰ کے ثبوت کو واجب کرتا ہے" یہ حکم ہے:

1) صریح کا 2) کنایہ کا 3) طریق کا 4) استعارہ کا

41) "وہ نیت سے بے نیاز ہوتا ہے" یہ حکم ہے؟

1) طریق کا 2) استعارہ کا 3) صریح کا 4) کنایہ کا

42) اگر کسی زوج نے اپنی بیوی سے کہا "یا طالق" چاہے اُس نے طلاق کی نیت کی ہو یا نہ کی ہو تو حکم ہے!

1) طلاق موقوف ہو جائے گی 2) نکاح ہو جائے گا 3) طلاق نہیں ہوگی 4) طلاق ہو جائے گی

43) تیمم فائدہ دیتا ہے:

1) سونے کا 2) نجاست کا 3) طہارت کا 4) وضو کا

44) امام شافعی کے نزدیک طہارت ہے؟

1) طہارتِ معنویہ 2) طہارتِ ضروریہ 3) طہارتِ ازصبہ 4) طہارتِ وجوبیہ

45) تیمم قدرت کو چھپا دیتا ہے کن کے نزدیک؟

1) امام شافعی کے 2) امام اعظم کے 3) امام احمد کے 4) امام ظفر کے

46) امام اعظم کے نزدیک تیمم طہارت ہے؟

1) طہارتِ ضروریہ 2) طہارتِ معنویہ 3) طہارتِ مطلقہ 4) طہارتِ وجوبیہ

47) احناف کے نزدیک نماز کا وقت شروع ہونے سے پہلے تیمم کرنا ہے؟

1) جائز 2) ناجائز 3) فرض 4) واجب

48) امام شافعی کے نزدیک ایک تیمم سے فرض ادا کر سکتے ہیں؟

1) 2) 3) 4)

Scanned with CamScanner

49) وہ لفظ جس کی مراد پوشیدہ ہو، کہلاتا ہے:

1) صریح 2) مشترک 3) کنایہ 4) مصرح

50) نیت یا دلالتِ حال پائے جانے کے وقت حکم ثابت ہوتا ہے:

1) کنایہ کا 2) صریح کا 3) مشترک کا 4) مؤول کا

(——)

## مسائل کے معروضی سوالات

### خاص و عام کی فصل

1) "وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْءٍ" مذکورہ آیت میں طلاق والی عورتوں کو رکے رہنے کا حکم ہے:

1) تین حیض تک 2) تین طہر تک 3) تین نفاس تک 4)

2) مذکورہ آیت کے مطابق اس میں عدد خاص ہے!

1) ثَلٰثَةَ 2) قُرُوْءٍ 3) مُطَلَّقٰت

3) مذکورہ آیت میں لفظ "ثَلٰثَةَ" پر عمل کرنا ہے!

1) مکروہ 2) واجب 3) سنت

4) اگر لفظ "قُرُوْءٍ" سے "طہر" مراد لیں تو اس سے چھوڑنا لازم آئے گا:

1) قیاس کے حکم کو 2) عام کے حکم کو 3) خاص کے حکم کو

5) احناف کے نزدیک مرد رجوع کر سکتا ہے واپس اپنی بیوی کی طرف اور بیوی نکاح نہیں کر سکتی کسی اور سے اور مرد بیوی کی بہن سے نکاح کر سکتا اور مرد عورت کا نان و نفقہ کی ذمہ داری اٹھائے گا جب کہ یہ سب کچھ ہوا

1) پہلے دوسرے اور تیسرے طہر کے دوران

2) پہلے دوسرے اور تیسرے حیض کے دوران

3) یا طلاق کے رجوع کے بعد ایک سال کے دوران

6) "قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْ أَزْوَاجِهِمْ" اس آیت میں "مَا فَرَضْنَا" سے

مراد ہے؟

1) نان و نفقہ 2) حق مہر 3) نکاح

7) امام شافعی کے نزدیک نفلی عبادت کیلئے خلوت نشینی کس سے بہتر ہے؟

1) سونے سے 2) کھانے سے 3) نکاح سے

8) حدیث پاک کے مطابق کم از کم مہر ہونا چاہیے:

1) دس درہم 2) بیس درہم 3) دس دینار

9) شوافع کے نزدیک حق مہر میں دس درہم سے کم یا زیادہ درہم رکھنا بھی جائز ہے جبکہ راضی ہوں

1) زوجین 2) سسر 3) قاضی صاحب

10) ہمارے نزدیک نکاح ہے؟

1) فرض 2) سنت 3) مکروہ

11) ہمارے نزدیک کس میں مشغول ہونے سے نکاح افضل ہے؟

1) کھانے میں 2) سونے میں 3) نفلی عبادت میں

12) شوافع کے نزدیک ایک طہر میں تین طلاقیں یا ایک لفظ سے تین طلاقیں دینا ہے؟

1) جائز 2) بدعت 3) فرض

13) ہمارے نزدیک ایک طہر میں تین طلاقیں یا ایک لفظ سے تین طلاقیں دینا ہے؟

1) جائز 2) بدعت 3) فرض

14) امام شافعی کے نزدیک عقد کو اقالہ کے ذریعے فسخ کیا جاتا ہے اسی طرح نکاح کو بھی ــــــ کے ذریعے سے فسخ کیا جاسکتا ہے؟

1) خلع 2) طلاق 3) حق مہر دینے

15) حدیث پاک کے مطابق "جس عورت نے اپنا نکاح ولی کی اجازت کے بغیر خود کرلیا تو اس کا نکاح ہوگا"؟

1) درست 2) باطل 3) مکروہ

16) "حتی تنکح زوجا غیرہ" مذکورہ آیت میں خاص لفظ ہے؟

1) تشنج 2) زوجا 3) غیرہ

17) کن کے نزدیک عاقلہ، بالغہ عورت بھی اپنا نکاح خود نہیں کر سکتی ؟
1) احناف 2) شوافع 3) مالکی

18) جس عاقلہ بالغہ عورت نے ولی کی اجازت کے بغیر اپنا نکاح خود کر لیا تو احناف کے نزدیک اس کا نکاح ہو گا ؟
1) صحیح 2) باطل 3) مکروہ

19) شوہر پر عورت کا مہر، خرچہ اور رہائش لازم آئے گی :
1) نکاح کے بعد 2) نکاح سے پہلے 3) طلاق کے بعد

20) احناف کے نزدیک چور کے پاس مالِ مسروق کے ہلاک ہونے کے بعد جب چور کا ہاتھ کاٹا جائے تو اس پر واجب نہیں ہے ؟
1) سزا 2) مال 3) ضمان

21) امام محمد کے نزدیک جب آقا نے اپنی باندی سے کہا جو کچھ تیرے پیٹ میں ہے اگر وہ لڑکا ہوا تو تم آزاد ہو پس اس نے لڑکے اور لڑکی کو جنم دیا تو اس کا حکم ہو گا ؟
1) وہ آزاد ہے 2) وہ آزاد نہیں 3) تب اس کی اپنی مرضی ہے

22) قرآن پاک کے مطابق چور کی سزا ہے ؟
1) ہاتھ کاٹنا 2) جلاوطنی 3) سو کوڑے

23) مالِ مسروق چور نے جان بوجھ کر خود ہلاک کر دیا تو احناف کے نزدیک حکم ہو گا کہ ؟
1) ضمان نہیں لیا جائے گا 2) ضمان لیا جائے گا 3) سو کوڑے مارے جائیں گے

24) یہ حدیث "تم اس کو کھاؤ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا نام ہر مسلمان کے دل میں ہے" ان میں سے کس کے بارے میں ہے :
1) متروک التسمیۃ ناسیا 2) متروک التسمیۃ ناسیاً 3) متروک التسمیۃ عامداً

25) اس حدیث پاک کے مطابق "رُفِعَ عَنْ أُمَّتِي ـــ" کن دو چیزوں کو امت سے اٹھا لیا گیا ہے ؟
1) گناہ اور سزا 2) خطا اور بھول 3) علم و عقل

Scanned with CamScanner

26) احناف کے نزدیک کتنا دودھ پلانے سے حکم رضاعت ثابت ہوگا؟

1) ایک یا دو مرتبہ چوسنے سے 2) تھوڑا یا زیادہ (مقدار میں) پینے سے 3) پستان سے منہ ڈال کر پینے سے

27) شوافع کے نزدیک کتنی مرتبہ تک دودھ پلانے سے رضاعت ثابت نہیں ہوتی؟

1) ایک یا دو مرتبہ 2) چار یا پانچ مرتبہ 3) تین یا چار مرتبہ

## مطلق و مقید کی فصل

28) کتاب اللہ کے حکم کے مطابق چہرے کو دھونا فرض اور نیت کو قرار دیا جائے گا؟

1) واجب 2) جائز 3) سنت

29) اس آیت "وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ" میں مطلقاً طواف کا حکم ہے تو حدیث پاک پر عمل کرتے ہوئے وضو کو قرار دیں گے؟

1) واجب 2) جائز 3) سنت

30) فرض طواف میں واجب کے چھوڑنے کی وجہ سے جو نقصان لازم آئے گا اس کی تلافی کی جائے گی

1) سو کوڑوں کے ذریعے 2) جلاوطنی کے ذریعے 3) دم کے ذریعے

31) مذکورہ آیت "وَارْكَعُوا مَعَ الرَّاكِعِينَ" میں کتاب اللہ کے حکم کی وجہ سے رکوع کو فرض قرار دیا گیا ہے تو حدیث پاک کے حکم کی وجہ سے تعدیل ارکان ہوں گی؟

1) فرض 2) واجب 3) جائز

32) حدیث پاک میں بیت اللہ کے طواف کو کس عبادت سے تشبیہ دی گئی ہے؟

1) نماز 2) روزہ 3) زکوٰۃ

33) مذکورہ حدیث پاک سے جو معنی مراد لیا جائے گا اس کے مطابق طواف میں وضو ہے؟

1) واجب 2) جائز 3) فرض

34) احناف کے نزدیک حدیث پاک میں تعدیل ارکان سے واجب معنی مراد لیا گیا ہے لہٰذا تعدیل ارکان چھوڑنے کی تلافی کس سے کی جائے گی؟

1) دم 2) کفارہ 3) سجدۂ سہو

35) زعفران کے پانی سے کسی پاک چیز نے اس کے کسی وصف (رنگ، بو یا ذائقہ) بدل دیا ہو

Scanned with CamScanner

تو وضو کرنا ہوگا :

1) حرام 2) جائز 3) مکروہ

36) جب تک عورت نہ ہو طہارت نہیں ہوتی :

1) حرام 2) فرض 3) واجب

37) اگر مظاہر روزے رکھ رہا تھا اور تعداد مکمل ہونے سے پہلے بیوی سے وطی کر لی تو اس کیلئے حکم ہوگا کہ :

1) نئے سرے سے روزے رکھے 2) دوبارہ روزے رکھنے کی ضرورت نہیں 3) جتنے روزے رہ گئے ہیں وہ مکمل کرے

38) اگر مظاہر نے مساکین کو کھانا کھلانے کے دوران ہمبستری کر لی تو اس کیلئے حکم ہوگا کہ :

1) دوبارہ کھانا کھلائے 2) نئے سرے سے کھانا کھلانے کی ضرورت نہیں 3) دو سو روزے رکھے

39) کفارۂ ظہار اور کفارۂ یمین میں کیسا غلام آزاد کرنے کا حکم ہے :

1) مطلق غلام 2) کافر غلام 3) مسلمان غلام

40) قتل خطا کے کفارے میں کیسا غلام آزاد کرنے کا حکم ہے :

1) مطلق غلام 2) کافر غلام 3) مومن غلام

## مشترک اور مؤوّل کی فصل

41) امام محمدؒ کے نزدیک جب کسی نے بنی فلاں کے موالی کیلئے وصیت کی اور بنی فلاں کے موالی اعلیٰ بھی ہیں اور موالی سفلیٰ بھی اور وصیت کرنے والا فوت ہوگیا تو یہ وصیت ان دونوں کیلئے ہو جائے گی :

1) لازم 2) باطل 3) راجح

42) امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جب کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا (تو مجھ پر میری ماں کی طرح ہے) صرف اتنا ہی کہا تو وہ ہوگا :

1) گناہ کرنے والا 2) ظہار کرنے والا 3) ظہار نہ کرنے والا

43) اس آیت "فجزاء مثل ما قتل ....." میں شکار کی جزا میں واجب ہوگی :

1) مثل صوری 2) مثل معنوی 3) مثل اصطلاحی

Scanned with CamScanner

44) جب کسی شخص نے بیع میں ثمن کو مطلق رکھا تو وہ کرنسی محمول ہوگی۔

1) شہر کی رائج کرنسی پر 2) درہم پر 3) دینار پر

45) اگر اوپر دی گئی صورت پائی جائے لیکن شہر میں کوئی کرنسی رائج نہ ہو تو اس بیع کا حکم ہوگا۔

1) بیع مکروہ ہو جائے گی 2) بیع درست ہو جائے گی 3) بیع فاسد ہو جائے گی

46) ایسا قرض جو ـــــ سے مانع ہو اسے ایسے مال کی طرف پھیرا جائے گا جس سے قرض

ادا کرنا زیادہ آسان ہو۔

1) نماز 2) زکوٰۃ 3) حج

47) جب کسی شخص نے عورت سے ایک نصاب پر نکاح کیا جبکہ اس کے پاس بکریوں کا نصاب

بھی ہے اور دراہم کا بھی تو اس قرض کو پھیرا جائے گا۔

1) دراہم کی طرف 2) بکریوں کی طرف 3) زیور کی طرف

48) اس حدیث " لَا تَبِيْعُوا الدِّرْهَمَ بِالدِّرْهَمَيْنِ ـــــ " میں صرف اس کا ترجمہ ہے۔

1) نہ بیچو ایک درہم کو دو درہموں کے بدلے 2) ایک درہم کو دس درہموں کے بدلے 3) دو درہموں کو

دس دراہم کے بدلے

49) جب آیت ملامسۃ سے جماع مراد لے لیا گیا تو ہاتھ سے چھونے کا اعتبار ہو جائے گا:

1) حرام 2) لازم 3) ساقط

50) امام محمد کے نزدیک جب کسی شخص نے اپنے موالی کیلئے وصیت کی اور اس موصی کے ایسے

موالی ہیں جنکو اس نے آزاد کیا اور اسکے موالی کیلئے موالی ہیں جنکو انہوں نے آزاد کیا

تو یہ وصیت کس کے حق میں نافذ ہوگی؟

1) موصی کے اپنے موالی کیلئے 2) موالی کے موالی کیلئے 3) موالی اور اس کے موالی دونوں کیلئے

51) اگر اہل حرب نے امان طلب کی تو امان میں داخل نہیں ہوں گے۔

1) اس کا مال 2) دادے نانے 3) اس کی اولاد

52) جب کسی نے بنی فلاں کی کنواری عورتوں کیلئے وصیت کی تو وصیت کے حکم میں ایسی

عورت داخل نہیں ہوگی جسکی بکارت زائل ہو چکی ہو:

1) شادی کے سبب 2) حادثے کے سبب 3) بدکاری کے سبب

Scanned with CamScanner

53) اگر کسی نے فلاں کے بیٹوں کیلئے وصیت کی اور اس فلاں کے بیٹے بھی ہیں اور پوتے بھی تو وصیت نافذ ہوگی۔

1) بیٹوں کیلئے 2) پوتوں کیلئے 3) بیٹوں اور پوتوں دونوں کیلئے

54) اگر کسی نے قسم اٹھائی کہ وہ فلاں عورت سے نکاح نہیں کریگا تو یہ قسم ہوگی۔

1) عقدِ نکاح پر 2) بدکاری پر 3) دونوں پر

55) جب کسی نے قسم اٹھائی کہ وہ فلاں کے گھر قدم نہیں رکھے گا تو وہ ننگے پاؤں یا جوتا پہن کر یا سوار ہو کر داخل ہونے سے ہو جائے گا۔

1) حادث 2) حانث 3) عاصی

56) وہ فعل جو کچھ دیر جاری رہے یا جس کے کرنے میں کچھ وقت لگے جیسے کھانا، پینا اور سونا وغیرہ کہلاتا ہے:

1) فعل ممتد 2) فعل غیر ممتد 3) عموم مجاز

57) وہ فعل جو کچھ دیر جاری نہ رہے یا جس کے کرنے میں کچھ وقت نہ لگے جیسے طلاق، عتاق، ایجاب و قبول وغیرہ کہلاتا ہے:

1) فعل ممتد 2) فعل غیر ممتد 3) عموم مجاز

58) کسی لفظ سے ایسا عام مجازی معنیٰ مراد لینا کہ حقیقت و مجاز دونوں اس کے افراد بن جائیں کہلاتا ہے:

1) فعل ممتد 2) فعل غیر ممتد 3) عموم مجاز

59) اگر کسی نے قسم اٹھائی کہ اس درخت سے نہیں کھاؤں گا تو اس کو درخت کے پھل کی طرف پھیرا جائے گا کیونکہ درخت کھانا متعذر ہے یہاں تک کہ اگر اس نے کچھ تکلف کرتے ہوئے عین درخت کھا لیا تو وہ گا!

1) حانث ہو جائے گا 2) حادث ہوگا 3) حانث نہیں ہوگا

60) اگر کسی نے قسم اٹھائی کہ وہ اس کنویں سے پانی نہیں پئے گا تو اسے چلو بھر کر پینے کی طرف پھیرا جائے گا یہاں تک کہ اگر اس نے کچھ تکلف کیا تو منہ لگا کر پانی پی لیا تو اس کے لئے حکم ہے کہ؟

1) حانث نہیں ہوگا 2) حادث ہوگا 3) حانث ہو جائے گا

Scanned with CamScanner

61) اگر کسی نے قسم کھائی کہ وہ اس گندم سے نہیں کھائے گا تو امام اعظم کے نزدیک اس قسم کو پھیرا جائے گا فقط:

1) فقط گندم کی طرف 2) گندم سے بنی ہوئی چیز کی طرف 3) گندم سے بنی ہوئی روٹی کی طرف

62) اس قسم کے متعلق اگر کسی نے گندم نہ کھائی بلکہ گندم سے بنی روٹی یا کوئی اور چیز کھائی تو صاحبین کے نزدیک اس کیلئے حکم ہے کہ وہ:

1) حانث نہیں ہوگا 2) حانث ہو جائے گا 3) مظاہر ہو جائے گا

63) اگر کسی نے قسم اٹھائی کہ "وہ فرات سے نہیں پیئے گا" تو صاحبین کے نزدیک منہ لگا کر پیئے یا چلو وغیرہ بھر کر پیئے ہر صورت وہ ہو جائے گا:

1) مظاہر 2) حارث 3) حانث

64) جب آقا نے اپنے غلام سے کہا "ھٰذا ابنی" حالانکہ وہ غلام عمر کے لحاظ سے آقا سے بڑا ہے تو صاحبین کے نزدیک اسے کس کی طرف نہیں پھیرا جائے گا:

1) حقیقت کی طرف 2) مجاز کی طرف 3) مؤول کی طرف

65) اوپر دی گئی کو کس طرف پھیرا جائے گا حتی کہ غلام آزاد ہو جائے امام اعظم کے نزدیک:

1) مجاز کی طرف 2) مؤول کی طرف 3) حقیقت کی طرف

66) جب کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا ھٰذہ ابنتی حالانکہ اس کا نسب اس کے غیر سے مشہور ہو تو وہ اس پر نہیں ہوگی:

1) مکروہ 2) جائز 3) حرام

67) وہ غلام لڑکا جو ملک کے مختلف ذرائع جیسے بیع، شراء اور ہبہ وغیرہ سے باپ کی ملک میں آیا تو ثبوتِ ملک کے بعد وہ ہو جائے گا:

1) آزاد 2) غلام 3) ناکام

## طریق اور استعارہ کی فصل

68) جب کسی نے کہا اِنْ مَلَكْتُ عَبْدًا فَهُوَ حُرٌّ پھر وہ آدھے غلام کا مالک ہوا تو اس آدھے کو بیچ دیا پھر دوسرے آدھے کا مالک ہوا تو غلام نہیں ہوگا:

1) آزاد 2) غلام 3) ناکام

69) اگر کسی نے اِنْ مَلَكْتُ عَبْدًا فَهُوَ حُرٌّ بول کر ملک سے شراء مراد لی تو غلام ہو جائے گا:

1) خود مختار 2) آزاد 3) غلام

70) اور اگر کسی نے کہا اِنِ اشْتَرَيْتُ عَبْدًا فَهُوَ حُرٌّ اور اس میں شراء سے ملک مراد لی تو غلام ہوگا:

1) خود مختار 2) آزاد 3) غلام

71) جب کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا حَرَّرْتُكِ اور اس سے طلاق کی نیت کی تو اس کا حکم یہ ہے کہ:

1) طلاق ہو جائے گی 2) طلاق نہیں ہوگی 3) طلاق قاضی کے فیصلے پر واقع ہوگی

72) اگر کسی نے اپنی باندی سے طَلَّقْتُكِ کہا اور اس سے آزادی کی نیت کی تو اس کا حکم یہ ہے کہ:

1) آزاد ہو جائے گی 2) آزاد نہیں ہوگی 3) قاضی کے فیصلے پر آزادی واقع ہوگی

73) جب کسی مرد نے آزاد اجنبیہ عورت سے کہا مَلَّكِينِي اور جواب میں اس عورت نے مَلَّكْتُكَ کہا تو اس کا حکم یہ ہے کہ:

1) نکاح منعقد ہو جائے گا 2) عورت لونڈی بن جائے گی 3) نکاح منعقد نہیں ہوگا

## صریح اور کنایہ کی فصل

74) جب زوج نے اپنی بیوی سے کہا اَنْتِ طَالِقٌ چاہے شوہر نے اس سے طلاق کی نیت کی ہو یا نہ کی ہو اس کا حکم یہ ہے کہ طلاق:

1) طلاق واقع نہیں ہوگی 2) طلاق واقع ہو جائے گی 3) قاضی فیصلہ کرے گا

75) تیمم کے متعلق امام شافعی کے دوسرے قول کے مطابق تیمم چھپاتا ہے:

1) حدث کو 2) فرض کو 3) واجب کو

76) کن کے نزدیک ایک تیمم سے دو فرض بھی ادا ہو سکتے ہیں:

Scanned with CamScanner

1) امام اعظم کے 2) امام شافعی کے 3) امام مالک کے

77) احناف کے نزدیک عیدین اور جنازہ کی نماز میں اگر جماعت نکلنے کا خوف ہو تو جائز ہو جاتا ہے:

1) وضو 2) غسل 3) تیمم

78) شوافع کے نزدیک صرف نماز ادا کرنے کی نیت سے تیمم جائز ہے اور ہمارے نزدیک ____ کی نیت سے تیمم جائز ہے:

1) تلاوت 2) طہارت 3) نماز

79) اگر کسی نے اپنی بیوی سے کہا "انتِ بائن" تو نیت بغیر اس کا حکم ہے کہ طلاق:

1) واقع ہو جائے گی 2) نہیں واقع ہو گی 3) قاضی کے فیصلے پر منحصر ہے

80) اگر کسی نے اپنی بیوی سے کہا "انتِ علیّ حرام" تو بغیر نیت کے اس کا حکم ہوگا کہ طلاق:

1) نہیں واقع ہو گی 2) واقع ہو جائے گی 3) قاضی کے فیصلے پر منحصر ہو گی

81) اگر کسی نے باب زنا اور سرقہ میں اپنے اوپر اقرار کیا تو تب تک اس پر حد قائم نہیں ہو گی جب تک کہ وہ:

1) کوئی ثبوت نہ دکھائے 2) گواہ نہ لے کر آئے 3) صریح الفاظ ذکر نہ کرے

82) حد قائم نہیں کی جائے گی اشارے کی وجہ سے:

1) اندھے پر 2) گونگے پر 3) بہرے پر

83) اگر کسی نے مرد نے دوسرے مرد پر بدکاری کی تہمت لگائی اور تیسرے نے صدقت کہا تو اس پر حد واجب:

1) ہو جائے گی 2) نہیں ہو گی 3) قاضی کے فیصلے پر منحصر ہو گی

Scanned with CamScanner